# میری لینڈ ہائی اسکول کی تشخیصات
## اور آپ کا بچہ



جون میں اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن نے یہ ضابطہ بنایا تھا کہ 2009 کی کلاس کے آغاز سے میری لینڈ کے تمام طلباء کو تکمیل نصاب کے لیے ہائی اسکول کی تشخیصات میں لازماً کامیاب ہونا چاہیے۔ اس سے متعلق سوالات اور جوابات اور اگلے چند صفحات جانچ کاری کے پروگراموں کی وضاحت کرتے ہیں اور یہ کہ آپکے بچے پر اسکا اثر کیسے پڑتا ہے۔ اگر یہاں پر آپکو اپنے سوالوں کے جواب نہ مل پائیں تو اپنے بچے کے استاد یا اس کے اسکول کے پرنسپل سے مدد طلب کریں۔ اس کے علاوہ میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا ویب پیج www.MarylandPublicSchools.org—معلومات کا ایک اچھا ذریعہ ہے۔

### میری لینڈ ہائی اسکول کی تشخیصات کیا ہیں؟

ہائی اسکول اسسمنٹ (ہائی اسکول تشخیصات)، یا HSA، چار جانچیں ہیں-انگریزی 10، الجبرا، تجزیہ معلومات، حیاتیات اور نظام حکومت میں سے ہر ایک میں ایک۔ آپکا بچہ/بچی جیسے جیسے کورس کو مکمل کرے گا/گی ہر جانچ میں شریک ہوتا جائیگا/ہوتی جائیگی۔ ان جانچوں میں کثیر انتخابی اور تحریری جواب دونوں طرح کے سوالات شامل ہوتے ہیں۔

چونکہ HSA پر اس چیز کا احاطہ نہیں کرتا جو آپ کا بچہ کسی نصاب میں پڑھتا ہے۔ نصاب کے مکمل مواد سے متعلق معلومات کے لیے اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں۔

### میں نمونہ جاتی جانچ سوالات کہاں دیکھ سکتا ہوں؟

ہر سال میری لینڈ محکمۂ تعلیم ہر مضمون میں ایک تشخیص کا اعلان عوام کے لیے کرتا ہے۔ ان جانچوں کا جائزہ لینے یا ان میں سے کسی میں آن لائن شرکت کے لیے www.MarylandPublicSchools.org دیکھیں۔ ٹسٹنگ/ہائی اسکول اسسمنٹ/HSA ٹسٹ آئٹمز پر کلک کریں۔ (انگریزی 10 تشخیصات خزاں 2005 میں ارسال کر دیا جانا چاہیے۔)

اگلے صفحے پر جاری

www.MarylandPublicSchools.org

# کھولیں

اس خبرنامے کو ایک پوسٹر دیکھنے کے لیے کھولیں جس میں میری لینڈ ہائی اسکول کے تکمیل نصاب کی شرائط بیان کی گئی ہیں۔



MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION
Achievement Matters Most

میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی طرف سے ایک اشاعت

فال 2004



## کیا میرے بچے کو تکمیل نصاب کے لیے HSAمیں کامیاب ہونا پڑے گا؟

اس سوال کے جواب کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کے بچے کا نصاب کب مکمل ہوگا۔

### 2009 سے پہلے تکمیل نصاب کرنے والے طلباء

نہیں۔2009 سے پہلے ہائی اسکول کے نصاب کی تکمیل کرنے والے طلباء کو تکمیل نصاب کے لیے HSA پاس کرنا ضروری نہیں ہوگا۔ تاہم یہ ان کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ جانچوں میں شریک ہوں اور ان کے اسکور ان کے ہائی اسکول کی فہرست نمبرات پر درج کر دیئے جائینگے تا کہ ملازمت پر رکھنے اور داخلوں سے متعلق فیصلے کرنے کے لیے متوقع آجرین اور کالج کے ذمہ داران کی مدد کی جا سکے۔

### 2009 میں یا اس کے بعد نصاب مکمل کرنے والے طلباء

ہاں۔2009 میں یا اس کے بعد ہائی اسکول کا نصاب مکمل کرنے والے طلباء کو تکمیل نصاب کے لیے HSA میں کامیاب ہونا ضروری ہوگا۔ایسا کرنے کے چند طریقے ہیں۔

- چاروں HSA میں کامیاب ہوں۔ پاس ہونے کے نمبرات ہیں: الجبرا/تجزیۂ معلومات، 412؛ نظام حکومت، 394؛ اور حیاتیات، 400۔ انگریزی 10 کے پاس ہونے کے قابل اسکور یا نمبرات خزاں 2005 میں مقرر کیے جائیں گے۔

**یا**

- ریاست کی منظور شدہ متبادل جانچوں میں کامیابی کے کمترین اسکور حاصل کریں اور ان اسکورز میں سے ایک یا اس سے زیادہ HSA کے پاس کرنے والے کمترین اسکوروں سے تبدیل کرلیں۔ ریاست کو اب بھی قابل قبول متبادل جانچوں کا انتخاب کرنا ہے لیکن امکانات میں ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (تقدمی تقرری) اور انٹرنیشنل بیکالوریٹ جانچیں شامل ہیں۔

**یا**

- ہر جانچ میں کمترین اسکور حاصل کریں اور کوئی مشترک اسکور حاصل کریں جو چار HSA پاسنگ اسکوروں کے برابر ہو۔اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن نے ابھی تک کمترین اسکور مقرر نہیں کیا ہے لیکن وہ پاس کرنے کے اسکور سے کمتر ہوگا۔مشترک اسکور کا یہ انتخاب آپکو ایک ٹسٹ میں کمتر کارکردگی کا دوسرے ٹسٹ میں بہتر کارکردگی کرنے کا موقع ملتا ہے۔

تمام طلباء- جو 2009 سے پہلے اور بعد میں تعلیم مکمل کریں- انھیں ریاستی کریڈٹ، خدمت آموزش، حاضری کی شرائط اور آپ کے اسکول ڈسٹرکٹ یا انتظامیہ کی طرف سے نافذ کردہ شرائط کی بھی تعمیل کرنی چاہیے۔میری لینڈ کی تکمیل نصاب کی شرائط کا خلاصہ بیان کرنے والے پوسٹر کیلیے یہ خبر نامہ کھولیں۔

## میرا بچه اس وقت مڈل اسکول میں ھے، لیکن وہ اب الجبرا پڑھ رہا ھے۔ کیا اسے تکمیل نصاب کے لیے الجبرا HSAپاس کرنا ضروری ہو گا؟

ہاں۔طلباء نصاب مکمل کرنے کے بعد ہر HSA میں شریک ہوتے ہیں۔اگر آپکا بچہ مڈل اسکول میں ہے لیکن ہائی اسکول کی سطح کے نصاب میں زیر تعلیم ہے۔اور یہ الجبرا کے ساتھ اکثر و بیشتر ہوتا ہے۔اسے تکمیل نصاب کے لیے موزوں HSA پاس کرنا ہوگا۔بے شک جتنی جلد کوئی طالبعلم HSA لے گا اس کے پاس ہونے کے مواقع اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔

## کیا میرے بچے کے لیے میری لینڈ عملی جانچوں ‹میری لینڈ فنکشنل ٹسٹ› میں پاس ہونا اب بھی ضروری ھے؟

نہیں۔HSA کو میری لینڈ عملی جانچوں کی جگہ پر رائج کیا گیا ہے۔طلباء کا وہ آخری گروہ جس کے لیے عملی جانچوں میں پاس ہونا ضروری تھا 2004 میں نصاب مکمل کرنے والی کلاس تھی۔تاہم عملی جانچوں کا اطلاق اکثر مڈل اسکول کے طلباء پر کیا جاتا تھا۔ اس لیے ہوسکتا ہے کہ آپ کے بچے نے یہ سلسلہ منقطع ہونے سے پہلے ایک یا اس سے زیادہ جانچوں میں شرکت کی ہو۔

مشقی جانچیں 1980 کی دہائی میں بنیادی ہنرمندیوں کا اندازہ کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھیں۔لیکن یہ بات واضح ہے کہ زندگی میں کامیابی کے لیے بنیادی ہنرمندیوں کے مقابلے میں اور بہت کچھ ضروری ہوتا ہے۔کالجوں اور آجروں کو طلباء سے توقع ہوتی ہے کہ وہ مزید جانتے ہوں اور پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ کام کرنے کے

## ریاست مشقی جانچیں اور آن لائن نصابات مرتب کررہی ہے۔

قابل ہوں۔ پبلک اسکولوں کو اس کی ضرورت ہے کہ وہ تعلیم مکمل کرنے والے افراد کو ان اعلی تر توقعات کے لیے تیاری کریں اور HSA اس تیاری کا ایک اہم حصہ ہیں۔

## میں اپنے بچے کے اسکولز کب دیکھوں گا؟

جانچ دے چکنے کے ٹھیک نو ہفتوں کے بعد ریاست کی طرف سے تمام طلباء کے اسکور ان کی اسکول انتظامیہ کو ارسال کیے جائینگے۔ اس کے بعد انتظامیہ ان کے اسکورز والدین کو ارسال کریگا۔

## میرے بچے کو HSA کے لیے کیسے تیار ہونا چاہیے؟

وہی سرگرمیاں جو باضابطہ کلاس روم کی جانچوں میں گریڈوں اور اسکوروں کو بہتر بناتی ہیں—نصاب کے کام اور ہوم ورک کو برقرار رکھنا، کلاس میں شرکت کرنا محنت سے پڑھنا—HSA میں طلباء کی مدد کرینگی۔ ذیل میں بعض دیگر طریقے بتائے جا رہے ہیں جن کی تیاری طلباء HSA کیلیے کر سکتے ہیں۔

### تنظیمی اور مطالعاتی صلاحیتوں کی طرف توجہ دینا۔

HSA پورے کورس کا احاطہ کرتے ہیں، اسلیے طلباء کو سال بھر کیلیے اپنے تمام نوٹ تیار کرنے چاہئیں اور انہیں ہر یونٹ میں پڑھے گئے مواد کا جائزہ لینا چاہیے۔

### لکھائی کی صلاحیتوں کو تازہ کرنا۔

HSA کے بعض حصوں میں تحریری جواب ضروری ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس سے قطع نظر کہ تکمیل نصاب کے بعد طلباء کیا منصوبہ رکھتے ہیں انہیں یہ جاننے کی ضرورت ہوتی ہے کہ اچھا کیسے لکھا جاتا ہے۔

### وقت کو احتیاط سے تقسیم کریں۔

ایک مطالعے سے یہ پتہ چلا ہے کہ وقت کو تقسیم کرنے کی اچھی صلاحیتیں کالج SAT اسکوروں کے مقابلے میں بہتر گریڈوں کی پیشین گوئی کرتے ہیں۔

### میری لینڈ اسکول کی تشخیصات پر سنجیدگی سے غور کریں۔

میری لینڈ اسکول کی تشخیص جو 3-8 گریڈوں اور گریڈ 10 میں کی جاتی ہے HSA کا ایک اچھا طریقہ ہے۔

## اگر میرا بچہ ایک یا اس سے زیادہ جانچوں میں کامیاب نہیں ہوتا تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا بچہ کسی HSA میں کامیاب نہیں ہوتا تو اس کے استاد سے رابطہ کریں جو آپ کو بتائے گا/گی کہ آپ کا بچہ اس مضمون میں اضافی مدد کیسے حاصل کرسکتا ہے۔ آپ کے بچے کی طرف سے ایک بار مواد کے جائزے اور اسے اضافی مدد مل جانے پر جب اگلی بار جانچ کی جائے گی تو وہ اس میں دوبارہ شریک ہوسکتا ہے۔ (جانچوں میں دوبارہ شریک ہونے کے ضرورت مند طلباء سال میں تین بار ایسا کر سکتے ہیں— جنوری، مئی اور گرما میں۔)

میری لینڈ ہائی اسکول کی تشخیصات ریاست ایسی مشقی جانچیں مرتب کررہی ہے جنہیں اسکول انتظامیہ ان طلباء کی نشاندہی کے لیے استعمال کرسکتا ہے جو اضافی مدد کے ضرورت مند ہوں۔ اس کے بعد ڈسٹرکٹس یا انتظامیہ طلباء کو وہ مدد فراہم کر سکتے ہیں -اس سے پہلے کہ وہ HSA میں ناکام ہوجائیں۔ ریاست ایسے آن لائن نصابات کی بھی تشکیل کررہی ہے جو طلباء کو جانچوں کیلیے تیار ہونے میں بھی مدد دے سکیں گے۔ ستمبر 2005 تک نصابات کے دستیاب ہوجانے کا امکان ہے۔

اگلے صفحے پر جاری



# میری لینڈ ہائی اسکول کی تشخیصات سے متعلق مزید معلومات

**www.MarylandPublicSchools.org**

صفحے کے بالکل اوپر جانچ کاری کی فہرست میں سے ہائی اسکول اسسمنٹ (ہائی اسکول تشخیصات) کا انتخاب کریں۔

## اگرجانچ کاری کے دوران میرا بچہ غیر حاضر رہا تو کیا ہو گا؟

HSA جانچ کے دوران غیر حاضر ہوجانے والے طلباء مقررہ تکمیلی دنوں میں سے کسی بھی دن جانچ میں شریک ہو سکتے ہیں (آپ کے بچہ کے استاد یا پرنسپل بتائیں گے کہ یہ دن کون سے ہوں گے)۔ سوا اس کے کہ آپ کا بچہ بیمار ہوا سے جانچ کاری کے دوران اسکول آنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔

## کیا معذوری سے متاثر طلباء سے تمام طلباء کو تکمیل نصاب کے HSA پاس کرنا ہو گا؟

سال 2009 کی کلاس کے آغاز سے تمام طلباء کو—جن میں خصوصی تعلیم سے وابستہ طلباء میں شامل ہیں— کسی ڈپلوما نصاب کی تکمیل کے لیے HSA لازماً پاس کرنا چاہیے۔ اس مرحلے پر معذوری سے متاثر طلباء کے لیے تکمیل نصاب کی کوئی متبادل جانچ نہیں ہے۔ تاہم اس قابل میں ایک ٹاسک فورس (خصوصی عملی جماعت) اس تحقیق کا آغاز کرے گی ریاست ان طلباء کے لیے متبادل تشخیصات کیسے فراہم کرسکتی ہے جنہیں روایتی جانچوں میں مشکل ہوتی ہو۔ متبادل تشخیصات میں HSA جیسے ہی مواد کا احاطہ کیا جائیگا لیکن یہ خاص طور پر معذوری سے متاثر افراد کے لیے مفید ہوگا۔ ٹاسک فورس کی سفارشات کا اعلان فال 2007 تک کر دیا جانا چاہیے۔

خصوصی تعلیم کے کئی طالب علموں کے لیے انفرادی تعلیم کا پروگرام [Individualized Education Program (IEP)] ہوتا ہے جس میں تدریس اور جانچ کاری کے دوران ان کی رہائش کی ضرورت کو ضابطۂ تحریر میں لاتا ہے۔

میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ریاستی جانچوں میں ترجیحات سے متعلق فیصلے کرنے میں تعلیم دانوں کی مدد کرنے کیلیے ایک خصوصی تکمیل نامہ شائع کرتا ہے۔ تکمیل نامہ، *میری لینڈ کے تشخیصات پروگرام میں طلباء کے لیے ترمیم معافی اور استثناء کی شرائط* *(Requirements for Accommodating, Excusing, and Exempting Students in Maryland Assessment Programs)* ویب www.MarylandPublicSchools.org. پر موجود ہے۔ [ڈویزنز/ اسپیشل ایجوکیشن اور ارلی انٹروینشن/ پبلیکیشنز اینڈ رپورٹ (Divisions/Special Education and Early Intervention/Publications and Reports)] پر کلک کریں۔ آپ کے بچے کے استاد یا پرنسپل آپ کو یہ بھی بتا سکیں گے کہ ریاستی جانچوں میں کن ترجیحات کی اجازت ہے۔

شدید معذوریوں سے متاثر طلباء کی ایک مختصر تعداد ڈپلوما کے بجائے سرٹیفکٹ آف پروگرام کمپلیشن حاصل کرسکتی ہے۔ سرٹیفکٹ آف پروگرام کمپلیشن کئی برسوں سے طلباء کو دستیاب رہا ہے اور یہ میری لینڈ کی ہائی اسکول کی تکمیل نصاب کی پالیسی میں تبدیلی کا نتیجہ نہیں ہے۔

اگر آپ اپنے بچے اور اس کی تعلیم کے یہ پروگرام کے بارے میں کوئی مخصوص سوال پوچھنا چاہیں تو اپنے بچے کے استاد یا IEP جماعت سے رابطہ کریں۔ ■


**میری لینڈ ہائی اسکول کی تشخیصات اور آپ کا بچہ**

آفس آف اکیڈمک پالیسی ‹دفتر تعلیمی پالیسی›

Ronald A. Peiffer
ڈپٹی اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ

Nancy S. Grasmick
بورڈ کا سکریٹری خازن
اسٹیٹ سپرنٹنڈٹ آف اسکولز

Edward L. Root
صدر، اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن

Robert L. Ehrlich, Jr.، گورنر

Maryland State Department of Education • 200 West Baltimore Street, Baltimore • Maryland 21201-2595

فون: 410.767.0600 یا 888.246.0016 • TTY/TDD (گونگوں اور اونچا سننے والوں کے لیے): 410.333.3045 • فیکس: 410.333.2275 • www.MarylandPublicSchools.org